ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

القاسم اکیڈمی کی مطبوعات

استادمکرم شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی ، جامعہ ابوہریرہ اورالقاسم اکیڈمی یہ تینوں کسی تعارف کے محتاج نہیں اور یہ تینوں لازم وملزوم ہے،القاسم اکیڈمی عرصہ دراز سے ملکی سطح پر علمی ،تحقیقی اور تصنیفی خدمات انجام دے رہے ہیں، ہر ماہ کسی نہ کسی کتاب کوزیورطباعت سے آراستہ کرکے قارئین کومحظوظ فرما رہے ہیں، القاسم اکیڈمی کی مطبوعات کی تعداد دوسو کے قریب ہوں گی۔استادمکرم کی مساعی جمیلہ سے القاسم اکیڈمی روبہ ترقی ہے، اس ادارے کی ہرکاوش پہلے سے کافی بہتر ثابت ہوئی ،ذیل میں اس عظیم ادارے کے چند کتب کامختصر تعارف وتبصرہ پیش خدمت ہے۔

- **تذکرہ وسوانح حضرت مولانا خان محمد** تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت:256 صفحات

مولانا عبدالقیوم حقانی نے پیر طریقت ،رہبر شریعت مولانا خان محمد صاحبؒ کی پیدائش سے لیکر سفرِ آخرت تک کے حالات نہایت عام فہم اور سلیس زبان میں پیش کی ہے۔یقیناً اس موضوع پر یہ ایک بہترین کاوش اور قیمتی سوغات ہے۔

- **مولانا حسین احمد مدنیؒ سوانح وافکار** تالیف: مولانا محمد اسماعیل شجاع آبادی ضخامت:360

مولانا شجاع آبادی نے مولانا حسین احمد مدنیؒ کے حالاتِ زندگی تا سفرآخرت کواس مختصر کتاب میں سمیٹنے کی کوشش فرمائی ہے،تحریر میں جاذبیت کوٹ کوٹ بھری ہے۔

- **حسن انتخاب** تالیف: مولانا عمادالدین محمود ضخامت:183 صفحات

زیرتبصرہ کتاب دلچسپ واقعات، اقوال زرین ،حکمت ودانائی کی باتوں کا ایک مفید علمی ادبی اور تاریخی تحفہ ہے، جس میں صحابہ کرام ،اولیاء عظام ،علماء حق کے وہ واقعات شامل کئے گئے ہیں جس سے قارئین استفادہ کرکے اپنے مستقبل سنوار سکتے ہیں،اوران میں بزرگوں کی نقش قدم پر چلنے کا عزم پیدا کردیتی ہے، اور کمزوریوں کا احساس اورعمل صالح کا شوق اجاگر کرتاہے،مولانا عمادالدین محمود کی یہ کاوش بہت نافع ہے۔

- **اعتراف ذنوب** تالیف: مولانا شاہ وصی اللہ صاحب ضخامت:384 صفحات

مصلح امت مولانا شاہ وصی اللہ صاحب کے افادات کا مجموعہ جس میں انہوں نے توبہ واستغفار اور اپنے گناہوں کا اعتراف کے موضوع پر خامہ فرسائی فرمائی ہے، مصلح امت کے یہ مضامین عالیہ پڑھ کر انسان متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا، اسکے آخر میں مولانا قمر الزمان الہ آبادی کا وقیع اضافہ بنام ''اعتراف قصور'' بھی شامل ہے، جس میں اکابر کے واقعات وحالات کو جمع کر کے موضوع کو خوب اجاگر کیا ہے۔

● الفقه في السند (فقہائے سندھ اور انکی فقہی خدمات) تالیف: مولانا اللہ بخش آیاز ملکانوی: ضخامت: 314

اپنے موضوع پر ایک شاندار کاوش جو دراصل مولانا ملکانوی کے تخصص فی الحدیث کا مقالہ تھا جو مولانا بنوریؒ کے زیر نگرانی لکھی تھی، اب اس کی اشاعت کی سعادت القاسم اکیڈمی کو حاصل ہوئی، موصوف کی یہ کتاب فقہائے سندھ کے تعارف پر ایک عظیم الشان سرمایہ ہے اور تاریخی شہ پارہ ہے۔

● سفرنامہ دہلی تالیف: مولانا شفیق احمد سلیم ملکانوی ضخامت: 136 صفحات

استاد محترم مولانا شفیق احمد سلیم ملکانوی زید مجدہم نے فروری ۲۰۱۳ء کو دہلی کا سفر کیا، وہاں گھومے پھرے اپنے مشاہدات قلمبند کرتے رہے پھر ماہنامہ القاسم میں چھپتے رہے اب کتابی صورت میں شائع ہوگئی، اس سفرنامہ کو نہایت محنت اور عرق ریزی سے معتبر اور وقیع معلومات سے مرصع کر کے قارئین کے لئے دلچسپی اور افادیت کا سامان فراہم کیا۔ اسلوب تحریر میں حلاوت اور مواد میں تازگی کوٹ کوٹ بھری ہے، جو بھی پڑھے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔

● قرض کے فضائل، مسائل، اور احکام تالیف: منور حسین سواتی ضخامت: 168 صفحات

قرض کے فضائل ومسائل اور احکام پر مؤلف موصوف نے فقہ کے علمی خزانوں سے بکھرے ہوئے موتیوں کو تلاش کر کے سلک تحریر میں پرویا، یہ اپنے موضوع پر ایک اچھی کاوش ہے۔

● درر فرائد ترجمہ وشرح جمع الفوائد مترجم: مولانا عاشق الہی میرٹھی ضخامت: 288 صفحات

حدیث کی کتاب جمع الفوائد کا سلیس ترجمہ اور نافع تشریح ہے، ترجمہ کی سعادت مولانا عاشق الہی میرٹھی کو حاصل ہوئی، جمع الفوائد علامہ محمد بن محمد سلیمان کی کتاب ہے، جو احادیث نبویہ پر مشتمل ہے، اس کتاب کے چھ ابواب کا انتخاب کر کے اس کی اشاعت کی سعادت القاسم اکیڈمی نے حاصل کی، جس میں فتنوں کا بیان، قرب قیامت کے علامات، وقوع قیامت کی پیشن گوئیاں، وقوع قیامت کے شرائط، ظہور امام مہدی جیسے مباحث وموضوعات وغیرہ شامل ہے۔

● کعبہ میرے آگے تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی ضخامت: 412 صفحات

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی کے علمی خدمات کا ہر ایک معترف ہیں، مختلف موضوعات پر انکی کئی کتابیں منظر عام پر آچکی ہیں اور تصنیف تالیف میں ایک بلند مقام رکھتے ہیں آپ کے